اے رَبِ جہاں، پنجتن پاک کا صدقہ

<"xml encoding="UTF-8?>

اے رَبِ جہاں، پنجتن پاک کا صدقہ! ������
اِس قوم کا دامن غمِ شبیر سے بھر دے ������
بچوں کو عطا کر علی اصغرؑ کا تبسم! ������
بوڑھوں کو حبیب ابنِ مظاہر کی نظر دے ������
کمسِن کو ملے ولولہ عونؑ و محمدؑ! ������
ہر ایک جواں کو علی اکبر کا جگر دے ������
ماؤں کو سِکھا ثانئِ زہراؑ کا سلیقہ! ������
بہنوں کو سکینہؑ کی دعاؤں کا اثر دے ������
یارَب تجھے عابدؑ کی اسیری قسم ہے! ������
بیمار کی راتوں کو شفایاب سحَر دے ������
مُفلس پہ زَرومال و جواہر کی ہو بارش! ������
مقروض کا ہر قرض ادا غیب سے کر دے ������
پابندِ رَسن زینبؑ و کلثومؑ کا صدقہ ������
بے جُرم اسیروں کو رہائی کی خبر دے ������
جو مائیں بھی رُوتی ہیں بیادِ علی اصغرؑ ������
اُن ماؤنکی آغوش کو اولاد سےبھردے ������
جو حق کے طرافدار ہوں وہ ہاتھ عطا کر ������
جو مجلسِ شبیرؑ کی خاطر ہو وہ گھر دے ������
قسمت کو فقط خاکِ شفا بخش دے مولاؑ! ������
مَیں یہ نہیں کہتاکہ مجھےلعل و گُہر دے ������
آنکھوں کو دِکھا روضہءِ مظلوم کا منظر ������
قدموں میں نجف تک بھی کبھی اِذنِ سفردے ������
جو چادرِ زینبؑ کی عزادار ہیں مولا ! ������
محفوظ رہیں ایسی خواتین کے پردے. ������

ا س ج د